## سوال

(48)خاکساری تحریک

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاخاکساری تحریک قرآن وحدیث کے تحت ہے ؟جزاکم اللہ خیرا

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان کا فوجی سلام اور بیلچہ کو اسلامی شعار سمجھ کر اٹھائے پھرنا اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ بلکہ قرآن وحدیث کے خلاف ہے۔ کیونکہ ان کا فوجی سلام تشبیہ بالنصاری ہے اورحدیث میں ہے :

«من تشبہ بقوم فھو منھم»

''یعنی جوکسی قوم سے مشابہت کرے وہ ان سے ہے۔''

اور بیلچہ کو اسلامی شعار سمجھنا احداث فی الدین ہے۔ اورحدیث میں ہے :

«مناحدث فی امرنا ہذا مالیس مہ فھورد»

''یعنی جوہمارے دین میں ایسی شے پیدا کرے جو اس سے نہ ہو وہ مردود ہے۔''

2۔ان کے ساتھ میل جول سلام کلام قطع کردینا چاہیے۔ ہاں تبلیغ کے طورپر گفتگو کرتے رہنا چاہیے شاید خدا کسی کو ہدایت کردے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

[کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص115]